**Pakistan Tehreek-e-Insaf**
**Central Media Department**

# پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ

19 فروری 2024

## بانی چیئرمین عمران خان خصوصاً ان کی اہلیہ محترمہ بشریٰ بی بی کی زندگی کو دورانِ قید لاحق سنگین خطرات پر گہری تشویش کا اظہار

- جیل منتقلی کی درخواست کے باجود محترمہ بشریٰ بی بی کو ان کی مرضی کیخلاف بنی گالہ میں قید رکھنے اور نہایت غیر معیاری، مہلک اور زہریلا کھانا دیے جانے کی شدید مذمت
- بانی چیئرمین عمران خان اور انکی اہلیہ سمیت تحریک انصاف کے تمام پابندِ سلاسل قائدین اور سیاسی کارکنان کے بنیادی حقوق بحال کرنے اور ان سے قانون کے مطابق برتاؤ کا مطالبہ
- بریگیڈئر (ر) اسلم گھمن اور احمر رشید بھٹی سمیت ملک بھر میں تحریک انصاف کے قومی و صوبائی اسمبلیوں کی نشستوں پر کامیاب امیدواروں کو ڈرانے دھمکانے اور انہیں جماعت چھوڑنے پر مجبور کرنے کیلئے جبراً لاپتہ کئے جانے کے تازہ سلسلے کی شدید مذمت

## پنجاب اور سندھ کے چیف سیکرٹریز اور آئی جیز کو فی الفور ہٹا کر ان کے کڑے محاسبے کا مطالبہ

## کور کمیٹی کی جانب سے مجلسِ وحدت المسلمین، سنی اتحاد کونسل اور پاکستان تحریک انصاف کے مابین طے پانے والے سیاسی اشتراکِ عمل کی مکمل تائید و توثیق

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk

- تحریک انصاف بلوچستان کو مرکزی جماعت کی مکمل حمایت و پشتیبانی کی یقین دھانی کرواتے ہوئے تمام قومی وصوبائی اسمبلی کی نشستوں کے فارم 45 کے مطابق نتائج کے فوری اجراء کا مطالبہ

**کمشنر راولپنڈی کے اعترافِ جرم جس میں انہوں نے چیف الیکشن کمشنر اور چیف جسٹس آف پاکستان پر سنگین الزامات عائد کئے ہیں، کی جیوڈیشل کمیشن کے ذریعے عدالتی تحقیقات کروانے کا کا بھی مطالبہ**

- 8 فروری کے انتخابات میں پاکستان تحریک انصاف وفاقِ پاکستان کی زنجیر کے طور پر ابھری ہے، اس کے مینڈیٹ پر ڈاکہ ڈالنے والے وفاق کو کمزور کرنے اور قومی وحدت کو پارہ پارہ کرنے کا باعث بنیں گے

---پاکستان تحریک انصاف کور کمیٹی

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ